**29.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے درخشاں بھارت، ولولہ انگیز نوجوانوں اور آتم نربھر بھارت کیلئے بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کی اہمیت کو اُجاگر کیا ہے۔ انہوں نے مینوفیکچرنگ کرنے والے سبھی افراد پر زور دیا ہے کہ وہ بہترین معیاری سامان کو اب کھلے بازار میں بھیجنے کیلئے اس موقع کو استعمال کریں۔

☆ وزیر خزانہ نرملاسیتارمن نے لوک سبھا میں 2025-26 کا اقتصادی جائزہ پیش کیا۔ مالی سال 2026-27 کیلئے اصل GDP شرح ترقی 6 اعشاریہ آٹھ اور 7 اعشاریہ دو فیصد کے درمیان رہنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مساوات کو فروغ دینے سے متعلق UGC کے ضابطوں 2026 پر روک لگادی ہے۔

☆ کلکتہ ہائی کورٹ نے مغربی بنگال حکومت کو ہدایت دی ہے کہ وہ بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر خاردار تار لگانے کیلئے 31 مارچ تک BSF کو 9 اضلاع میں اراضی سپرد کرے۔

☆ آج شام نئی دلّی کے وِجے چوک پر بیٹنگ ریٹریٹ تقریب ہوگی۔

☆ مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی آخری رسوم بارامتی میں پورے سرکار اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما اس میں شامل ہوئے۔

☆ خواتین پریمئر لیگ کرکٹ میں آج شام وڈودرہ میں رائل چیلنجرس بینگلور کا مقابلہ یوپی واریئرس سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PARL-PM**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک اب طویل مدتی زیر التوا مسائل پر عبور حاصل کرتے ہوئے آگے بڑھ رہا ہے اور طویل مدتی حل کی راہ پر ثابت قدم ہے۔ آج بجٹ اجلاس کے دوسرے دن نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں جناب مودی میڈیا سے بات کررہے تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اُن کی حکومت کی پہچان ریفارم، پرفارم اور ٹرانسفارم کے طور پر ہے اور ملک اَب اصلاحات کے عمل کو تیزی سے آگے بڑھا رہا ہے۔ جناب مودی نے ہر کسی تک فلاح وبہبود سے متعلق اسکیموں کی فراہمی پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے صدر جمہوریہ کے خطاب سے 140 کروڑ عوام کے اعتماد کی عکاسی ہوتی ہے۔

**1400-PM On Prez Add-140cr**

وزیراعظم نے کہا کہ 2047 تک وِکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے آئندہ 25 برس اہم ہوں گے۔ بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے جناب مودی نے اِسے ایک پُراعتماد، مسابقتی، درخشاں بھارت کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جمہوریت اور آبادی دنیا کیلئے امید افزاں ہے اور اب ملک توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے سے آئندہ صدی میں بھارت کے روشن مستقبل کی عکاسی ہوتی ہے۔

**1400-PM FTA Atmnirbhar Bharat**

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوسرے دن جناب مودی نے کہا کہ یہ وقت رخنہ اندازی کے بجائے حل تلاش کرنے کا ہے، کیونکہ ملک آگے بڑھ رہا ہے اور انہوں نے سبھی ارکان پارلیمنٹ سے اپیل کی کہ وہ ملک کی ترقی کی خاطر تعمیری نظریہ اختیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کے اِس مندر میں پارلیمانی ارکان کے پاس ملک کی صلاحیتوں اور جمہوریت کیلئے اُن کی انتھک کوششوں کے سلسلے میں عالمی برادری کو واضح پیغام دینے کا موقع ہے۔

**S/B- PM**

**ECONOMIC SERVEY**

مالی سال 2026 میں ملک کی حقیقی GDP میں سات اعشاریہ چار فیصد نشو و نما کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جبکہ مالی سال 2027 میں چھ اعشاریہ آٹھ سے سات اعشاریہ دو فیصد کے درمیان ترقی کا امکان ہے۔ یہ بات آج مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن کی جانب سے پارلیمنٹ میں پیش کئے گئے اقتصادی جائزے میں کہی گئی ہے۔ اقتصادی جائزے کے مطابق بھارتی معیشت نے مالی سال 2026 میں مضبوط ترقی کی رفتار برقرار رکھی ہے۔ سات اعشاریہ چار فیصد کی حقیقی GDP نشو و نما کا تخمینہ زیادہ تر گھریلو مانگ کی وجہ سے لگایا گیا ہے۔ نجی کھپت اور سرمایہ جاتی تشکیل توسیع میں مدد کررہی ہیں، جبکہ خدمات کا شعبہ رسدات کیلئے بڑا معاون بنا ہوا ہے۔

مینوفیکچرنگ کی سرگرمیوں میں مضبوطی آئی ہے اور زراعت نے استحکام فراہم کیا ہے۔ جائزے میں اس بات کو اجاگر کیا گیا ہے کہ عالمی اقتصادی صورتحال بدستور غیر یقینی ہے، جس پر جغرافیائی سیاسی کشیدگی اور بڑی معیشتوں کی تجارت میں رخنہ اندازی کا اثر پڑا ہے۔ اقتصادی جائزے میں اس بات کی نشاندہی کی گئی ہے کہ ملک کی حالیہ اقتصادی کارکردگی نے یہ بات ثابت کردی ہے کہ Macro اقتصادی استحکام اور ترقی کو اُتھل پتھل والے عالمی ماحول میں بھی برقرار رکھا جاسکتا ہے۔

مالی سال 2026 میں زراعت اور متعلقہ خدمات کے شعبے میں سازگار مانسون کے پیش نظر تین اعشاریہ ایک فیصد ترقی کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ صنعتی سرگرمیوں میں تیزی برقرار رہنے کی توقع ہے، جسے GST کو معقول بنائے جانے اور مانگ کے بہتر امکانات سے مدد ملی ہے۔ جائزے میں بتایا گیا کہ CPI پر مبنی افراطِ زر کم ہو کر ایک اعشاریہ سات فیصد ہو گیا ہے، جس کی بنیادی وجہ سبزیوں اور دالوں کی قیمتوں میں کمی ہے۔x

**SC-UGC STAYS**

سپریم کورٹ نے آج حکم دیا ہے کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مساوات کے فروغ سے متعلق یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC کے ضابطے 2026 کو التوا میں رکھا جائے۔ عدالت نے، اِن ضابطوں کے بارے میں بعض ریزرویشن کا اظہار کیا ہے۔ اُس نے مشورہ دیا ہے کہ سرکردہ قانون داں افراد پر مشتمل ایک کمیٹی، اِن ضابطوں کا پھر سے جائزہ لے۔ عدالت نے کہا کہ بادی النظر میں یہ ضابطے مبہم ہیں اور اِن کا بے جا استعمال ہوسکتا ہے۔

بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس Joymalya Bagchi پر مشتمل ایک بینچ اُن تین عرضداشتوں کی سماعت کررہی تھی، جن میں 2026 کے ضابطوں کے آئینی جواز کو چیلنج کیا گیا ہے۔ عدالت نے مرکز اور یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کو، اِن عرضداشتوں سے متعلق نوٹس جاری کئے ہیں اور 19 مارچ تک جواب دینے کو کہا گیا ہے۔ تب تک 2026 کے ضابطوں کو التوا میں رکھا گیا ہے۔ x

**WB-HC**

مغربی بنگال میں قومی سلامتی کے حوالے سے ایک اہم حکم میں کلکتہ ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ وہ بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر اِس سال خاردار تار لگانے کے کام کیلئے 31 مارچ تک BSF کو 9 اضلاع میں اراضی سُپرد کرے۔ عدالت نے اس بات پر زور دیا ہے کہ پہلے ہی حاصل کی گئی اراضی اور مرکز کی جانب سے مالی مدد فراہم کئے جانے کے بعد اراضی کو فوری طور پر منتقل کیا جانا چاہئے اور خصوصی تفصیلی نظرثانی مشق کا حوالہ دیتے ہوئے عملی طریقہ کار سے متعلق معاملات کی آڑ لینے پر غور نہیں کیا جائے گا۔ ریاستی حکومت نے عدالت کو یقین دہانی کرائی ہے کہ 181 کلومیٹر کی اراضی مارچ کی مقررہ مدت تک سپرد کردی جائے گی۔x

**BEATING RETREAT**

Beating Retreat تقریب آج نئی دلّی کے وِجے چوک پر ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی 77 ویں یومِ جمہوریہ تقریبات اختتام پذیر ہوجائیں گی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور دیگر کابینی وزراء اس میں شامل ہوں گے۔

وزیراعظم مودی نے آج سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر کہا کہ Beating Retrea تقریب، یوم جمہوریہ تقریبات کے اختتام کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورا ملک مسلح افواج پر فخر کرتا ہے، جو ملک کے دفاع کیلئے اپنی پوری زندگی وقف کردیتے ہیں۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بھی آج سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ یہ تقریب مسلح افواج کے ڈسپلن، اتحاد اور دائمی اقدار کی عکاسی کرتی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Bhanu

*اس سال کی Beating Retreat تقریب میں فوج، بحریہ، فضائیہ اور مرکزی مسلح پولیس فورسز، CAPF کے بینڈ اپنی 30 پرفارمینز کے ذریعے ناظرین کو مسحور کریں گے۔تقریب کی شروعات ''قدم-قدم بڑھائے جا'' بینڈ کے ساتھ ہوگی، جس کے بعد انگیہ بھارت، ویر سینک، ملی جلی، نرتیہ سریتا، ماروئی اور جھیلم کی بینڈ پر دُھنیں پیش کی جائیں گی۔ CAPF کے بینڈ وِجے بھارت، ہاتھ روہی، جے ہو اور ویر سپاہی کی دُھنیں پیش کریں گے۔ وہیں بھارتی فضائیہ کا بینڈ Brave Warrior, Twilight, Alert اور Flying Star کی دُھنیں بجائے گا۔ بھارتی بحریہ کا بینڈ نمستے، ساگر پون، ماتر بھومی، تیجسوی اور جے بھارتی کی دُھنیں پیش کرے گا۔ اس کے بعد بھارتی فوج کا بینڈ، وِجئی بھارت، آرمھ ہے، پرچنڈ ہے، اے وطن اے وطن، آنند مٹھ، شنکھیہ بھارت اور ستارۂ ہند کی دُھنیں پیش کرے گا۔تقریب کا اختتام سدا بہار دُھن ''سارے جہاں سے اچھا'' کے ساتھ ہوگا۔*

*بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردوں خبروں کیلئے میں......*

**MAHA-AJIT PAWAR**

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے صدر اور مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی آخری رُسوم آج صبح پُنے کے بارامتی میں وِدّیا پرتشٹھان گراؤنڈ پر پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔ اُن کے بیٹوں پارتھ پوار اور جے پوار نے اُن کی آخری رسوم ادا کیں۔ مرکز اور ریاست کے مختلف سینئر رہنما اس موقع پر موجود تھے۔ پولیس دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ اجیت پوار کی موت کے بعد مہاراشٹر حکومت نے تین دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے سبھی اسکول اور سرکاری دفاتر کل تک بند رہیں گے۔ سرکاری عمارتوں پر قومی پرچم سرنگو رہے گا اور سبھی سرکاری پروگرام ملتوی کردیئے گئے ہیں۔ کل پنے

ضلع کے بارامتی ہوائی اڈے کے نزدیک ایک طیارہ حادثے میں اجیت پوار اور دیگر پانچ افراد کی موت ہوگئی تھی۔×

**CRICKET-WPL**

خواتین پریمئرلیگ کرکٹ میں آج شام وڈودرہ کے BCA اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلور کا مقابلہ یوپی واریئرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

**PIYUSH GOYAL FTA**

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی سمجھوتے پر کانگریس کے رہنما جے رام رمیش کی نکتہ چینی کو سختی سے مسترد کردیا ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ یہ سمجھوتہ بھارت اور یوروپی یونین دونوں کے مفاد میں ہے۔ الزامات کا جواب دیتے ہوئے، جناب گوئل نے کہا کہ اُن لوگوں کی طرف سے کی گئی نکتہ چینی پر حیرت ہے، جو بروقت فیصلے نہیں کرسکے، جب وہ اقتدار میں تھے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں اِس طرح کی بے عملی کی وجہ سے ملک کو بھاری قیمت چکانی پڑی۔ راجیہ سبھا کے رکن جے رام رمیش کے دعوے کا جواب دیتے ہوئے، وزیرِ موصوف نے کہا کہ اس سمجھوتے نے 25 ٹریلین ڈالر کی مشترکہ GDP کی معیشتوں کو ایک ساتھ لایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس سے بھارت کی اقتصادی ترقی میں مدد ملے گی اور ہمارے کاروبار اور عوام کیلئے بہت سے مواقع پیدا ہوں گے۔ x

**SIR-WEST BENGAL**

چناؤ کمیشن نے مغربی بنگال کو ہدایت دی ہے کہ وہ ہر روز 7 سے 8 لاکھ رائے دہندگان کی سنوائی کرے تاکہ چناؤ فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی کا کام مقررہ وقت کے اندرمکمل کیا جاسکے۔ اس کے بعد اعلیٰ انتخابی افسر کے دفتر نے ضلع انتخابی افسروں اور سنوائی کے عمل میں شامل عہدیداروں اور دیگر اسٹاف کو ہدایت جاری کردی ہے۔ مقررہ پروگرام کے تحت سنوائی کا یہ مرحلہ 7 فروری تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ چناؤ کمیشن کے ذرائع کے مطابق ریاست میں کُل ڈیڑھ کروڑ رائے دہندگان کو سنوائی کیلئے بلایا گیا ہے، جن میں سے 90 لاکھ رائے دہندگان کی سنوائی پہلے ہی مکمل ہوچکی ہے۔x

**BANGLADESH WARNING**

ایمنیسٹی انٹرنیشنل نے بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کو سخت وارننگ جاری کی ہے، جس میں اُس پر الزام لگایا گیا ہے کہ وہ اگلے مہینے کے قومی انتخابات سے پہلے بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ میں ناکام رہی ہے۔ اعلیٰ مشیر محمد یونس کو لکھے گئے ایک کھلے خط میں ایمنیسٹی کے سکریٹری جنرل Agnes Callamard نے بڑھتے ہوئے تشدد کے درمیان جان اور اظہارِ رائے

کی آزادی کے تحفظ میں عبوری سرکار کی ناکامی کی مذمت کی ہے۔ خط میں میڈیا کے دفتروں پر دسمبر 2025 میں کئے گئے حملوں، ایڈیٹروں کو ہراساں کئے جانے اور ایک ہندو شخص دیپو چندر داس کو پیٹ پیٹ کر ہلاک کئے جانے کا ذکر کیا گیا ہے۔ ایمنیسٹی نے کہا ہے کہ سرکار کی طرف سے بھرپور کارروائی نہ کئے جانے کی وجہ سے اقلیتوں، صحافیوں اور سرکار پر نکتہ چینی کرنے والوں کی زندگی خطرے میں پڑ گئی ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆